## لاہورسمیت پنجاب کےمختلف شہروں میں آندھی کے باعث ہونیوالےمختلف حادثات میں متعددافراد کے جاں بحق ہونے پرایم کیوایم کے قائدالطاف حسین کااظہارتعزیت

## اسکردو میں پہاڑی تودہ گرنے سے مکانات کی تباہی اورکئی افرادکے جاں بحق ہونے پرالطاف حسین کا اظہارافسوس،متاثرہ خاندانوں سے دلی ہمدردی اوریکجہتی کااظہار

لندن۔۔۔4جون2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لاہورسمیت پنجاب کےمختلف شہروں میں آندھی کے باعث ہونیوالےمختلف حادثات میں متعددافراد کے جاں بحق ہونے پر دلی افسوس کااظہارکیاہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حادثات میں جاں بحق ہونیوالےافراد کےلواحقین سے دلی تعزیت کااظہارکرتے ہوئے کہاکہ مجھ سمیت ایم کیوایم کاایک ایک کارکن آپ کےغم میں برابرکاشریک ہے۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونیوالے تمام افرادکواپنی جواررحمت میں جگہ دےاورلواحقین کوصبرجمیل عطاکرے۔جناب الطاف حسین نے اسکردومیں پہاڑی تودہ گرنے سے مکانات کی تباہی اورکئی افرادکے جاں بحق ہونے پربھی گہرے رنج وغم کااظہارکیااوراس قدرتی آفت کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والےافرادکیلئے دعائے مغفرت کی اورمتاثرہ خاندانوں سے دلی ہمدردی اوریکجہتی کااظہارکیا۔

## طلعت حسین اوران کی ٹیم نے اسرائیل جارحیت کے باوجودحوصلے کامظاہرہ کیا۔الطاف حسین

## طلعت حسین اوران کی ٹیم کی بحفاظت وطن واپسی پرعوام کومبارکباد

لندن۔۔۔4جون2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین نے پاکستان کےمعروف صحافی سیدطلعت حسین اوران کی ٹیم کےاراکین کی بحفاظت وطن واپسی پرملک بھرکےعوام کودلی مبارکبادپیش کی ہے۔ایک بیان میں جناب لطاف حسین نے کہاکہ طلعت حسین اوران کی ٹیم کےارکان نے پیشہ وارانہ فرائض کی ادائیگی کیلئے اپنی جان ہتھیلی پررکھی اورآزمائش کی گھڑی میں اسرائیل جارحیت کے باوجودہمت وحوصلہ کامظاہرہ کیاجس پرطلعت حسین،رضامحمودآغااورٹیم کےدیگراراکین زبردست خراج تحسین کے مستحق ہیں۔

## اورنگی ٹاؤن میں بینک ڈکیتی میں ملوث کالعدم تنظیم کے دہشت گردکی گرفتاری نے قائدتحریک الطاف حسین کےخدشات اورانکشافات کوسچاثابت کردیا

## گرفتاردہشت گردسے ملنے والی معلومات کی روشنی میں بلاتاخیرکارروائی کی جائے،رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔4جون2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اورنگی ٹاؤن میں بینک ڈکیتی میں ملوث کالعدم تنظیم کے دہشت گردکی زخمی حالت میں رنگے ہاتھوں گرفتاری پرتبصرہ کرتے ہوئے کہاکہ کالعدم انتہاءپسندتنظیم کے کارکن کی رنگے ہاتھوں گرفتاری سے قائدتحریک الطاف حسین کے خدشات اورانکشافات کوسچاثابت کردیاہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہاکہ قائدتحریک الطاف حسین عرصہ درازسےاپنے خطابات اوربیانات میں انتہاءپسندتنظیموں کی جانب سے کراچی میں دہشت گردی اورشہرکوآگ وخون میں نہلاکرقبضے کی سازشوں کے بارے میں انکشاف کرتے رہے ہیں تاہم بعض سیاسی ومذہبی جماعتوں اوران کے رہنماؤں کی جانب سے قائدتحریک الطاف حسین کےخدشات اورانکشافات پرکوئی توجہ نہیں دی گئی بلکہ الٹاقائدتحریک الطاف حسین کوتنقیدکانشانہ بنایاگیاتاہم وقت حالات نے قائدتحریک الطاف حسین کےخدشات وانکشافات کودرست ثابت کردیا۔رابطہ کمیٹی نے کہاکہ اگراس وقت قائدتحریک الطاف حسین کےانکشافات کانوٹس لیاجاتاتوآج دہشت گردوں کانیٹ ورک اتنامضبوط نہ ہوتاجتناآج ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہاکہ اس سےقبل بھی دہشت گردی اوربم دھماکوں میں ملوث کالعدم انتہاءپسندتنظیموں کےنامی گرامی دہشت گردکراچی سےگرفتارہوتے رہے ہیں جبکہ گزشتہ روزاورنگی ٹاؤن میں بینک ڈکیتی میں ملوث دہشت گردکی رنگے ہاتھوں گرفتاری اس بات کاواضح ثبوت ہے کہ کالعدم مذہبی انتہاءپسندتنظیموں کے دہشت گردکراچی میں دہشت گردی سمیت دیگرجرائم کی وارداتوں میں پوری طرح ملوث ہیں۔رابطہ کمیٹی نے حکومت سےمطالبہ کیاکہ گرفتاردہشت گردسے ملنے والی معلومات کی روشنی میں بلاتاخیرکارروائی کی جائے اوردہشت گردوں کےمضبوط نیٹ ورک کوجڑسےختم کیاجائے۔

## ویلیوایڈڈٹیکس پاکستانی عوام پراس مہنگائی کے دور میں مزید ایک بوجھ ہوگا،متحدہ مخالف ہے،ڈاکٹر فاروق ستار کی نجی ٹی وی چینل میں گفتگو

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنونیر اوروفاقی وزیرسمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ ویلیوایڈڈٹیکس عوام پراس مہنگائی کے دور میں مزید ایک بوجھ ہوگا ایم کیوایم اس کی مخالف ہے۔یہ وقت غریب ومتوسط طبقے کی عوام کو ریلیف دینے کا ہے۔یہ بات انہوں نے ایک نجی ٹیلی ویژن کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے کہا کہ ایک طرف ویٹ کے نفاذ کی کوششیں کی جارہی ہیں کیونکہ اس سے براہ راست متوسط طبقہ متاثر ہوگا اوردوسری جانب ایک خاص طبقے کو مادر پدر آزاد چھوڑ دیا گیا ہے اوروہ ہر طرح کے ٹیکس دینے سے آزاد ہیں۔انہوں نے کہا کہ بڑے بڑے جاگیرداروں اوروڈیروں کو براہ راست فائدہ پہنچانے کیلئے بین الاقوامی مارکیٹ کے ریٹ سے 2سوروپے مہنگی گندم خریدی جارہی ہے۔کیونکہ دوسوروپے کی اضافی رقم ان بڑے سرمایہ داروں،وڈیروں اور جاگیرداروں کی جیب میں جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ویٹ کے نفاذ کے بجائے خسارہ پورا کرنے کیلئے کارپوریشنوں میں ریکوری کی جائے جن میں پی آئی اے،ریلوے اورواپڈا جیسے ادارے شامل ہیں۔ڈاکٹر فاروق ستار نے مزید کہا کہ یہ وقت ویٹ کے نفاذ کا نہیں بلکہ اس ہوشربا مہنگائی کے دور میں عوام کو فائدہ دینے کا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ اس بات کو سنجیدگی سے لینا چاہیے۔

## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی ہدایت پر ممکنہ طوفانی بارشوں میں عوام کو ریلیف دینے کیلئے
## شہر کے مختلف سرکاری ونیم سرکاری اسپتالوں میں ایمرجنسی سینٹر قائم کردیئے،کسی بھی صورتحال سے نمٹنے کیلئے عوام
## ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے دفتر اطلاع دیں،رابطہ کمیٹی کی اپیل

کراچی۔۔۔4/جون 2010ء

کراچی اورسندھ کے دیگر ساحلی علاقوں میں ممکنہ سمندری طوفان اورطوفانی بارشوں سے نمٹنے کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اجلاس میں کئے گئے فیصلوں کے مطابق ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے کراچی سمیت دیگر شہروں میں ہنگامی صورتحال اور ممکنہ طوفانی بارشوں سے عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولیات کی فراہمی کیلئے سرکاری ونجی اسپتالوں اورایم کیوایم دفاتر میں ایمرجنسی سینٹرز قائم کردیئے ہیں۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت جناح اسپتال،سول اسپتال،عباسی شہید اسپتال،سندھ گورنمنٹ اسپتال لیاقت آباد،تین ہٹی،سندھ گورنمنٹ اسپتال اورنگی اسپتال نمبر5،سرجانی ٹاؤن اسپتال،خدا کی بستی،گلشن اقبال،سندھ گورنمنٹ اسپتال کورنگی نمبر5،کراچی انسٹیٹیوٹ ہارٹ ڈیزیز،سندھ گورنمنٹ نیوکراچی اسپتال،یوپی سوسائٹی نیوکراچی،گورنمنٹ نیوکراچی نمبر5،ملیر اسپتال،سندھ گورنمنٹ اسپتال کھوکھراپار،رفاع عام سوسائٹی اسپتال،شاہ فیصل کالونی،ڈاکٹر ضیاء الدین اورادارے اوکلنک سمیت دیگر مقامات پر ایمرجنسی سینٹرز میں قائم کیے گئے ہیں جہاں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولینس،رضاکار،حق پرست عوامی نمائندے اورایم کیوایم کے کارکنان کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے چوبیس گھنٹے ہمہ وقت تیار رہیں جبکہ خدمت خلق فاؤنڈیشن نے جان بچانے والی ادویات اورفرسٹ ایڈ کا سامان بھی بھاری مقدار میں جمع کرلیا گیا ہے اورکسی بھی ممکنہ ہنگامی صورتحال میں عوام کو بروقت طبّی سہولیات فراہم کیں جاسکیں۔اسی طرح تھرپارکر،عمرکوٹ سمیت سندھ کے ساحلی علاقوں ٹھٹھہ،بدین اوردیگر زونل دفاتر میں ایم کیوایم کے زونل دفاتر میں ایمرجنسی سینٹرز قائم کردیئے ہیں جہاں حق پرست عوامی نمائندوں اورایم کیوایم کے متعلقہ زونوں کے ذمہ داران،کارکنان کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے الرٹ ہیں۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ کسی بھی ہنگامی صورتحال کے حوالے سے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد کے فون نمبر 021-36313690اور 021-36329900 اورخدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر واقع فیڈرل بی ایریا کے فون نمبر 021-36328464 پررابطہ کریں۔

## عوام وکارکنان معین اختر کی والدہ محترمہ سائرہ خاتون کی صحت یابی کیلئے دعا کریں،الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔4جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے معروف فنکار اوربین الاقوامی شہرت یافتہ کمپیئر معین اختر کی والدہ محترمہ سائرہ خاتون کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام ماؤں،بہنوں،بزرگوں اورکارکنان سے اپیل ہے کہ وہ معین اختر کی والدہ سائرہ خاتون کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔

## اسکردو کے نواحی علاقے کھر منگ میں تو دے گرنے سے متعدد افراد کے جاں بحق ہونے پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔4 جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اسکردو کے نواحی علاقے کھر منگ میں پہاڑی تو دے گرنے کے نتیجے میں دب کر متعدد افراد کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں اور متاثرہ لوگوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا جائے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے ناگہانی حادثے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وافسوس کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق افراد کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔رابطہ کمیٹی نے حادثے میں زخمی افراد سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد و مکمل صحت یابی کی دعا بھی کی۔

## شعبہ اطلاعات فوٹوسیکشن کے رکن انصار احمد کے والد کو سپرد خاک کر دیا گیا، سوئم ہفتے کو ہوگا

کراچی۔۔۔4 ر جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ اطلاعات فوٹوسیکشن کے رکن انصار احمد کے والد نثار احمد کو سخی حسن قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ بعد نماز جمعہ جامع مسجد اولیاء نفیس آباد پی آئی بی کالونی میں ادا کی گئی ،نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم تاجک ،حق پرست صوبائی وزراء عبدالحسیب، زبیر احمد، حق پرست منتخب عوامی نمائندے، ایم کیوایم شعبہ اطلاعات کے ارکان، سابق ارکان اسمبلی، سابق ٹاؤن ویوسی ناظمین، پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے شرکت کی اور مرحوم کی مغفرت ،ان کے درجات کی بلندی اور سوگواران صبر جمیل کیلئے دعا کی۔دریں اثناء مرحوم کی فاتحہ سوئم 5 جون بروز ہفتہ بعد نماز ظہر تا مغرب جامع مسجد اولیاء نفیس آباد پی آئی بی کالونی میں ہوگا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔

## سندھ میں پبلک ٹرانسپورٹ کرایوں میں اضافہ کا نوٹیفکیشن عوام کے ساتھ کھلی ناانصافی ہے، فی الفور واپس لیا جائے، اراکین سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔4 جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے صوبائی حکومت کی جانب سے سندھ بھر میں پبلک ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافے کا نوٹیفکیشن جاری کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اسے سندھ کے غریب عوام پر ظلم وزیادتی اور ناانصافی قرار دیا ہے۔ایک بیان میں حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے کہا کہ ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے باوجود حکومت سندھ کی جانب سے پبلک ٹرانسپورٹ بسوں، منی بسوں، کوچز سمیت رکشہ ٹیکسی کے کرایوں میں اضافہ کا نوٹیفکیشن سندھ کے غریب عوام کے ساتھ کھلی ظلم وزیادتی ہے جیسے سندھ کے عوام کسی صورت قبول نہیں کریں گے۔انہوں نے کہا کہ ملک میں پہلے ہی بجلی، گیس سمیت اشیائے خوردنوش اور روزمرہ استعمال کی اشیاء صرف کی قیمتوں میں ہونیوالے ہوش رباء اضافہ کے سبب مہنگائی نے غریب عوام کی کمر توڑ رکھی ہے اور وہ انتہائی کسمپرسی اور فاقہ کشی کی زندگی گذارنے مجبور ہیں جبکہ حکومت سندھ کی جانب سے ٹرانسپورٹ کرایوں میں ایک روپے کا اضافہ ان سے جینے کا حق بھی چھین لے گا۔انہوں نے کہا کہ ایک جانب حکومت عوام کو ریلیف دینے کے دعویٰ کر رہی ہے اور ملک سے مہنگائی بے روزگار اور غربت کا خاتمہ کرنے کا نعرہ لگا رہی ہے جبکہ دوسری جانب پیٹرولیم مصنوعات کے نرخوں میں کمی کے باوجود سندھ میں ٹرانسپورٹ کرایوں میں اضافہ کا نوٹیفکیشن جاری کر کے عوام پر مہنگائی کا بم گرایا جارہا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے صدر آصف علی زرداری ،وزیراعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ سندھ حکومت کی جانب سے ٹرانسپورٹ کرایوں میں اضافہ کا نوٹیفکیشن فی الفور واپس لیا جائے اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کو مدنظر رکھ کرایوں میں کمی اور مہنگائی پر قابو پایا جائے۔

## ہنزہ میں ایم کیوایم کی امدادی ٹیم پہاڑی تودہ گرنے کے حادثے میں محفوظ رہے

کراچی۔۔۔4 جون 2010ء

ہنزہ میں امدادی سرگرمیوں میں مصروف ایم کیوایم اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی ٹیم کے ارکان پہاڑی تودہ گرنے کے حادثے میں بال بال بچ گئے۔حادثے میں ایم کیوایم

کے ذمہ داران کی گاڑی تباہ ہوگئی۔تفصیلات کیمطابق جمعہ کی صبح ایم کیوایم گلگت کے زونل انچارج رحمت علی ،اراکین قمر حیدر، تمنااوررراؤ فرمان خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں کے ہمراہ ہنزہ میں متاثرین کیلئے امدادی سرگرمیوں میں مصروف تھےاوراس سلسلے میں ہنزہ سے مرتضٰی آباد جارہے تھے کہ ناصرآباد کےقریب شدید بارشوں سے پہاڑی تودہ گرگیااور بڑے بڑے پتھران کی گاڑی پرآگرے۔ پہاڑی پتھر گرنے سے گاڑی کوشدید نقصان پہنچا تاہم خوش قسمتی سے گاڑی میں سوارایم کیوایم اورخدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی ٹیم کےارکان معجزانہ طور پرمحفوظ رہے۔

## پرامن احتجاج کرنے والی لیڈی ہیلتھ ورکرز پر پولیس کی جانب سے تشدد کا واقعہ قابل مذمت ہے،شعبہ خواتین

کراچی۔۔۔4جون2010

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین نے اسلام آباد میں لیڈی ہیلتھ ورکرز کے احتجاجی مظاہرہ پر پولیس کی جانب سے آنسوگیس، لاٹھی چارج اورتشدد کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہےاورمطالبہ کیا ہے کہ اس واقعہ کا فوری نوٹس لیا جائے اوراس میں ملوث پولیس اہلکاروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔ایک بیان میں شعبہ خواتین نے کہا کہ اسلام آباد میں لیڈی ہیلتھ ورکرزاپنے مطالبات کے حق میں پرامن احتجاج کررہی تھی کہ پولیس نے وحشیانہ انداز میں خواتین پر ہلا بول دیااوران پرشلینگ ،لاٹھی چارج کرکے بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنایا جس سے متعدد خواتین زخمی ہوگئی جبکہ بعض کی حالت غیر ہوگئی اوراس ظالمانہ عمل کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔اسلامی جمہوریہ پاکستان میں خواتین کے ساتھ پولیس کے جارحانہ سلوک نے چنگیزخان کے مظالم کی یاد تازہ کردی جس سے ملک بھر کے عوام کے شرم سے جھوک گئے ہیں اوران میں پولیس رویئے کے خلاف شدید غم وغصہ پایاجارہاہے۔شعبہ خواتین نے صدرآصف علی زرداری، وزیراعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ لیڈی ہیلتھ ورکرز کے احتجاجی مظاہرے پر پولیس کی جانب سے تشدد کا نشانہ بنائے جانے کے واقعہ کا فی الفورنوٹس لیااوراس میں ملوث پولیس اہلکاروں کوگرفتارکرکے سخت سے سخت سزادی جائے اورخواتین کوتحفظ فراہم کیا جائے۔

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔4/جون2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 73-A کے جوائنٹ انچارج وسیم احمد کے والد نفیس احمد،ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 78 کے کمیٹی ممبر محمد اکرم غوری کی والدہ محترمہ منی بیگم،ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر یونٹ 141 کے شہید کارکن ریحان احمد شہید کے والد بشیر احمد،ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 162 شعبہ خواتین کی کارکن نجم السحر کے والد محمد امانت اللہ،ایم کیوایم ٹھٹھہ زون یونٹ گاڑھو کے کارکن ذوالفقار کی ہمشیرہ نیامت کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگواران سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے حضوردعا کی کہ مرحومین کواپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائیں اورسوگوارا کوصبر جمیل عطا کرے (آمین)

☆☆☆☆☆